## دہشتگردی کیخلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے سچائی پر مبنی حقائق عوام کے سامنے لانا ضروری ہے، اجلاس میں میر سرفراز بگٹی کا اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق اہم جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، محکمہ داخلہ، محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی، محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ داخلہ و قبائلی امور کی جانب سے صوبائی ایکشن پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے جبکہ ان سرگرمیوں میں معاونت کے الزام میں مختلف نجی بس کمپنیوں کی 11 بسوں کے روٹ پرمٹ معطل کرتے ہوئے ان پر پابندی عائد کر دی گئی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عمل درآمد ناگزیر ہے اُن کا کہنا تھا کہ فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے تعلیم کے شعبے میں اہم پیش رفت پر وزیراعلیٰ نے اظہار مسرت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیے گئے ہیں اجلاس میں محکمہ تعلیم کے حکام نے آگاہ کیا کہ 7908 کنٹریکٹ اساتذہ کے تعیناتی آرڈر جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید 3500 اساتذہ کے آرڈر جلد جاری ہوں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبائی ایکشن پلان کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے اور ریاست مخالف پروپیگنڈوں و سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے انہوں نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا کہ بعض این جی اوز غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتی ہیں لہٰذا ان کا بھی جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع قوانین لائے جائیں گے اور اس تیز رفتار دور میں جہاں سچ اور جھوٹ کے درمیان فاصلہ کم ہو چکا ہے وہاں سچائی پر مبنی حقائق عوام کے سامنے لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط نے رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور اخراجات سے متعلق بھی تفصیلی بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے ہدایت کہ تمام منصوبوں کے لیے مختص وسائل کا بروقت اجراء یقینی بنایا جائے تاکہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل ہوں اور ان کے ثمرات سے عام آدمی استفادہ کر سکے۔

## بلوچستان بورڈ کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اساتذہ سے تجاویز لی جائیں گی، وزیراعلیٰ

### محکمہ تعلیم میں اصلاحات ناگزیر، اساتذہ میرے دل کے قریب ان کا احترام ضروری ہے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان ایجوکیشن الائنس کے نمائندہ وفد نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، میر شعیب احمد نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ، سینیٹر شاہ زیب درانی سیکرٹری تعلیم صالح محمد ناصر، اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن صالح بلوچ سمیت اساتذہ کے مختلف تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اساتذہ ہمارے بچوں کے مستقبل کے معمار ہیں تعلیم کے محکمے میں اصلاحات ناگزیر ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ میں اصلاحاتی عمل کے ذریعے صوبائی خزانے کو ایک ارب روپے کی بچت ہوئی وزیراعلیٰ نے کہا کہ تعلیمی میدان میں سکالرشپ کی فراہمی کا صوبائی منصوبہ بھی میرٹ کو فروغ دینا ہے اور بلوچستان بورڈ کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اساتذہ سے تجاویز لی جائیں گی انہوں نے کہا کہ اساتذہ میرے دل کے بہت قریب ہیں اور ان کا احترام ہم سب پر لازم ہیں وزیراعلیٰ نے اساتذہ کے تعاون کی تعریف کرتے ہوئے انہیں صوبائی حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی وفد میں شامل اساتذہ نے وزیراعلیٰ کے تعلیم کے شعبے کے لیے خصوصی اقدامات کو سراہا۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر شاہد خاقان عباسی ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی ایکشن پلان فلیگ شپ منصوبوں، پی ایس ڈی پی اور آئندہ مالی سال کی حکمت عملی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTO… GENERAL … RELATIONS BA…

نظامت اعلیٰ … حکومت …

Bullet No. 1 — Page No. 11

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — رجسٹرڈ نمبر سی سی پی-1 — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 — جمعہ 2 مئی 2025ء 4 ذیقعد 1446ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 120

# بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد ناگزیر ہے

## وزیر اعلیٰ بلوچستان

فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے

اس تیز رفتار دور میں جہاں سچ اور جھوٹ کے درمیان فاصلہ کم ہو چکا ہے وہاں سچائی پر مبنی حقائق عوام کے سامنے لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (خ ن، یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق اہم جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، محکمہ داخلہ، محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی، محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب سے صوبائی ایکشن پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ان سرگرمیوں میں معاونت کے الزام میں مختلف نجی بس کمپنیوں کی 11 بسوں کے روٹ پرمٹ معطل کرتے ہوئے ان پر پابندی عائد کر دی گئی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عمل درآمد ناگزیر ہے اُن کا کہنا تھا کہ فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے تعلیم کے شعبے میں اہم پیش رفت پر وزیر اعلیٰ نے اظہار مسرت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیے گئے ہیں اجلاس میں محکمہ تعلیم کے حکام نے آگاہ کیا کہ 7908 کنٹریکٹ اساتذہ کے تعیناتی آرڈر جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید 3500 اساتذہ کے آرڈر جلد جاری ہوں گے وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبائی ایکشن پلان کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے اور ریاست مخالف پروپیگنڈوں و سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے انہوں نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا کہ بعض این جی اوز غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتی ہیں لہٰذا ان کا بھی جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع قوانین لائے جائیں گے۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی ایکشن پلان، فلیگ شپ منصوبوں، پی ایس ڈی پی اور آئندہ مالی سال حکمت عملی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 12

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: حصول الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | جمعۃ المبارک 02 مئی 2025ء، 04 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 240

میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق اہم جائزہ اجلاس، محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب سے صوبائی ایکشن پلان پر تفصیلی بریفنگ

# بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے، بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیے گئے ہیں، خطاب

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد سے متعلق اہم جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، محکمہ داخلہ، محکمہ ترقیات ومنصوبہ بندی، محکمہ تعلیم سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ داخلہ وقبائلی امور کی جانب سے صوبائی ایکشن پلان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف جاری اقدامات سے آگاہ کیا گیا بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ریاست مخالف سرگرمیوں میں ملوث سرکاری ملازمین کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ان سرگرمیوں میں معاونت کے الزام میں مختلف نجی بس کمپنیوں کی 11 بسوں کے روٹ پرمٹ معطل کرتے ہوئے ان پر پابندی عائد کر دی گئی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحالی امن کیلئے صوبائی ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد ناگزیر ہے اُن کا کہنا تھا کہ فیصلے اجتماعی ہوں گے ریاست کا مفاد مقدم اور میرٹ کو ہر حال میں فوقیت دی جائے گی دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوج کی نہیں بلکہ ہر شہری کی جنگ ہے تعلیم کے شعبے میں اہم پیش رفت پر وزیراعلیٰ نے اظہار مسرت کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار محض دو ماہ کے عرصے میں 1436 بند اسکول دوبارہ کھول دیے گئے ہیں اجلاس میں محکمہ تعلیم کے حکام نے آگاہ کیا کہ 7908 کنٹریکٹ اساتذہ کے تعیناتی آرڈر جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ مزید 3500 اساتذہ کے آرڈر جلد جاری ہوں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ صوبائی ایکشن پلان کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے اور ریاست مخالف پروپیگنڈوں وسرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے انہوں نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا کہ بعض این جی اوز غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو سکتی ہیں لہٰذا ان کا بھی جائزہ لیا جائے انہوں نے کہا کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع قوانین لائے جائیں گے اور اس تیز رفتار دور میں جہاں سچ اور جھوٹ کے درمیان فاصلہ کم ہو چکا ہے وہاں سچائی پر مبنی حقائق عوام کے سامنے لانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی حافظ عبدالباسط نے رواں مالی سال کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور اخراجات سے متعلق بھی تفصیلی بریفنگ دی وزیراعلیٰ نے ہدایت کہ تمام منصوبوں کے لئے مختص وسائل کا بروقت اجراء یقینی بنایا جائے تاکہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل ہوں اور ان کے ثمرات سے عام آدمی استفادہ کر سکے۔

(بقیہ 2 صفحہ 2پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سید اقبال شاہ کی قیادت میں پیپلز پارٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی ایکشن پلان، فلیگ شپ منصوبوں، پی ایس ڈی پی اور آئندہ مالی سال کی حکمت عملی سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

13

Balochistan

...es.pk

...nes.pk

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1086 QUETTA Friday May 02,



# CM Bugti orders stricter oversight of NGOs, social media narratives amid security push

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said that full implementation of the provincial action plan is essential and urgent steps are needed to restore peace. Decisions will be collective, the interest of the state will come first and merit will be given priority. He expressed these views while addressing a review meeting on the implementation of the provincial action plan in Quetta. The meeting was attended by Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan and secretaries of all departments. The Chief Minister of Balochistan ordered to make the provincial action plan integrated and effective and said that the war against terrorism is not only the army's war but also the war of every individual. A close watch should be kept on anti-state propaganda and activities. It will be necessary to review whether any NGO is involved in illegal activities. Comprehensive laws will have to be brought in consultation with stakeholders. He said that the difference between truth and lies is now a thin line. In the era of social media and AI, we have to bring truthful facts to the public, not popular narratives. We have to see the truth and reality. The Chief Minister expressed happiness that for the first time in the history of the province, 1436 closed schools were opened in a short period of two months. Earlier, a detailed briefing was given by the Home and Tribal Affairs Department on the provincial action plan, in which it was informed that action has been initiated against government employees involved in anti-state activities. The route permits of 11 buses of different bus companies have been cancelled and banned for aiding anti-state activities. The Education Department briefed the meeting that appointment orders for 7,908 contract teachers have been issued in Balochistan and appointment orders for another 3,500 will also be issued soon.

# Balochistan's development linked to empowering working class, says CM Bugti

**Staff Report**

**QUETTA:** A prosperous Balochistan is possible only when the working class is provided with equal opportunities for development, Balochistan Chief Minister Sarfaraz Bugti

QUETTA (UNA) Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has said in his statement on the social networking website (X) that Labor Day gives us an opportunity to pay tribute to the rights, sacrifices and dignity of the workers. A prosperous Balochistan is possible only when the working class is provided with equal opportunities for development. Last year, we sent the children of workers to institutions in Islamabad for higher education, this trend will continue this year too.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    Dated: 02 MAY 2025    Page No. 14

## مزدور قوم کی ترقی وخوشحالی کے حقیقی معمار ہوتے ہیں، میر سلیم کھوسہ

**مزدوروں کے حقوق کا تحفظ، سوشل سیکورٹی [illegible] کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے**

ماجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے یوم مزدور کے موقع پر تمام محنت کشوں، دیہاڑی داروں، فیکٹری ورکرز، کسانوں، مزدور رہنماؤں اور تمام محنت سے جڑے طبقے کو دلی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور قوم کی ترقی وخوشحالی کے حقیقی معمار ہوتے ہیں، جن کی شب و روز کی محنت اور قربانیوں کے باعث معیشت کا پہیہ رواں دواں ہے۔ انہوں نے کہا کہ محنت کش طبقہ ہماری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ان کے حقوق کا تحفظ، فلاح و بہبود، بہتر اجرت، سوشل سیکورٹی، اور محفوظ روزگار کی فراہمی ہمیشہ ہماری حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے اور آئندہ بھی رہے گی۔ یوم مزدور ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ کسی بھی ملک وقوم کی ترقی کا سفر محنت، عزم اور جدوجہد کے بغیر ممکن نہیں، اور پاکستان مسلم لیگ (ن) ہر دور میں محنت کشوں کی آواز بنی ہے اور ہر قدم پر ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت محنت کشوں کے مسائل کے حل، ان کی زندگیوں میں بہتری لانے اور انہیں باوقار مقام دلانے کے لیے پالیسی سازی میں ان کی شمولیت کو یقینی بنائے گی تاکہ ایک مضبوط، خوشحال اور بااختیار مزدور طبقہ ملک کی ترقی میں مزید فعال کردار ادا کر سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## عالمی مئی یوم مزدور محنت کشوں کے حقوق اجاگر کرنے کا دن ہے، مینا مجید بلوچ

**منصفانہ، مساوات پر مبنی اور پائیدار معاشرہ تعمیر کرنے کے لیے مزدوروں کو ان کا جائز مقام دینا ناگزیر ہے، صوبائی مشیر**

**بلوچستان حکومت مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے اور محنت کشوں کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، پیغام**

کوئٹہ (خ ن) عالمی یوم مزدور (انٹرنیشنل لیبر ڈے) کے موقع پر صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے خصوصی پیغام میں محنت کش طبقے کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدور کسی بھی ملک وقوم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کی شب و روز کی محنت ایثار اور قربانیاں ہمارے معاشرتی ڈھانچے اور معیشت کی مضبوطی کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں یکم مئی کو یومِ مزدور منانے کا مقصد محنت کشوں کے حقوق کو تسلیم کرنا، ان کے مسائل کو اجاگر کرنا اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی سوچ کو فروغ دینا ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایک منصفانہ، مساوات پر مبنی اور پائیدار معاشرہ تعمیر کرنے کے لیے مزدوروں کو ان کا جائز مقام دینا ناگزیر ہے۔ محترمہ مینا مجید بلوچ نے مزید کہا کہ حکومتِ بلوچستان محنت کشوں کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ان کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہمیں بحیثیت قوم مزدوروں کی عزت ووقار کا تحفظ کرنا چاہیے۔

## پاکستان وچین کے مابین تعلقات مضبوط ہیں، علی حسن زہری

**سی پیک وگوادر پورٹ پاک چین دوستی کی زندہ مثال ہیں، صوبائی وزیر کا دورہ چینی سفارتخانہ پر گفتگو**

اسلام آباد (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے بلوچستان میں ترجمان میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز یہاں چین کے سفارت خانے کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیر قونصل یانگ گوانگوان سے ملاقات کی، یانگ گوانگوان نے علی حسن زہری کا سفارت خانے پہنچنے پر استقبال کیا اور زراعت سے متعلق امور پر تبادلہ کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر نے انہیں بلوچستان میں زراعت کے میدان میں ترقیاتی اقدامات ......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

اور منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا جنہوں نے علی حسن زہری کی کاوشوں کی تعریف کی اور جدید تکنیک کا استعمال کرتے ہوئے بلوچستان میں زرعی ترقی کیلئے اقدامات کرنے کیلئے تعاون کی یقین دہانی کرائی صوبائی وزیر نے اس موقع پر ان کا چین کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ور چین کے مابین مضبوط اور دوطرفہ تعلقات ہیں، چین نے ہمیشہ پاکستان کی مدد اور ہر شعبے میں تعاون کیا جسے پاکستان کے عوام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

## یکم مئی مزدوروں کے حقوق وقربانیوں کے اعتراف کا دن ہے، بخت کاکڑ

**ایک خوشحال معاشرہ محنت کش طبقے کو یکساں حقوق دیکر ہی قائم ہو سکتا ہے، صوبائی وزیر صحت**

**محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے اجتماعی سطح پر اقدامات ناگزیر ہیں، یوم مئی پر پیغام**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ یوم مزدور محنت کشوں کے حقوق، عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے۔ جس پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ایک خوشحال معاشرہ محنت کش طبقے کو مساوی حقوق دیکر ہی قائم ہو سکتا ہے یکم مئی مزدوروں کا اہم دن ہے، یہ بات انہوں نے یوم مزدور کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان محنت کشوں ......... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

کی فلاح و بہبود کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے مزدوروں اور ان کے بچوں کی بہبود کے لئے حکومتی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار مزدوروں کے بچے ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کے بچوں کو مساوی تعلیمی مواقع دینا انصاف اور مساوات کی عملی مثال ہے روزگار، صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے اجتماعی سطح پر اقدامات ناگزیر ہیں مزدور طبقے کی شب و روز محنت سے بلوچستان اور پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Dated: 02 MAY 2025 Page No. 18

Bullet No. 1

# مزدوروں کے حقوق کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہے ہیں، سردار بابا غلام رسول عمرانی

**پرائیویٹ سیکٹر کے ادارے بھی مزدوروں کے لیے ذمہ دار ہیں انہیں چاہیے کہ بروقت اجرت کی ادائیگی بہتر کام کے حالات اور سیکیورٹی کو یقینی بنائیں، صوبائی مشیر محنت**

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے یومِ مزدور (یکم مئی) کے موقع پر اپنے پیغام میں محنت کشوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن مزدوروں کی عظمت قربانیوں اور حقوق کی جدوجہد کی علامت ہے دنیا بھر میں اس دن کو منانے کا مقصد محنت کشوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور ان کے مسائل کو اجاگر کرنا ہے انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ صوبے کے مزدور طبقے کو تعلیم، صحت، روزگار اور سماجی تحفظ کی سہولیات میسر ہوں تا کہ وہ باوقار زندگی گزار سکیں۔ حکومت مزدوروں کو صرف مزدور نہیں بلکہ ترقی کے حقیقی معمار سمجھتی ہے انہوں نے کہا محکمہ محنت و افرادی قوت لیبر قوانین پر مؤثر عملدرآمد سوشل سیکیورٹی کی سہولیات، اور ویلفیئر اسکیمز کے تحت مزدوروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے متحرک ہیں مختلف اضلاع میں فیلڈ دفاتر کے ذریعے مزدوروں کو رجسٹرڈ کیا جا رہا ہے تا کہ انہیں ان کے قانونی حقوق فراہم کیے جا سکیں سردار عمرانی نے کہا کہ پرائیویٹ سیکٹر کے ادارے بھی مزدوروں کے لیے ذمہ دار ہیں انہیں چاہیے کہ بروقت اجرت کی ادائیگی بہتر کام کے حالات اور سیکیورٹی کو یقینی بنائیں حکومت اس حوالے سے قانون کی بالادستی قائم رکھنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ یومِ مزدور ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کوئی بھی ترقی مزدوروں کی شمولیت اور محنت کے بغیر ممکن نہیں۔ ہمیں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں ہر محنت کش کو اُس کا حق احترام اور تحفظ ملیں حکومت ہر فورم پر مزدوروں کی آواز بلند کرتی رہے گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومتِ بلوچستان تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے پائیدار پالیسیاں مرتب کرے گی مزدوروں کی ترقی، فلاح اور خوشحالی ہی اصل ترقی کی ضمانت ہے۔

CamScanner

## اے ایچ پی سی اسلام آباد کے وفد کا جامعہ بلوچستان کا دورہ

**مقصد بی ایس نیوٹریشن پروگرام کیلئے درکار معیار اور سہولیات کا جائزہ لینا تھا**

کوئٹہ (پ ر) یونیورسٹی آف بلوچستان کے CASVAB میں بی ایس نیوٹریشن اینڈ ڈائیٹکس پروگرام کی منظوری کے سلسلے میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل AHPC اسلام آباد کے وفد نے دورہ کیا۔ وفد میں AHPC کے مشیر محسن علی حسنی اور رکن ڈاکٹر جاوید اقبال شامل تھے۔ اس دورے کا مقصد CASVAB کے بی ایس نیوٹریشن اینڈ ڈائیٹکس پروگرام کی منظوری کے لیے درکار معیار اور سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد زاہد مصطفیٰ نے پروفیسر ڈاکٹر ظفر احمد، ڈائریکٹر کوالٹی ایشورنس اینڈ اکیڈمک ڈویلپمنٹ QAAD کے پروفیسر، ڈاکٹر عاشف سجاد، ڈاکٹر عمران تاج حسنی اور دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں پروفیسر ڈاکٹر ندیم رشید نے بی ایس پروگرام پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ وفد نے CASVAB کی لیبارٹریز، کلاس رومز، اور متعلقہ تعلیمی و تحقیقی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر CASVAB نے وفد کو ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں، تحقیقاتی منصوبوں، اور طلباء کی تربیت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کے وفد نے (CASVAB) کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کو سراہا اور پروگرام کی منظوری کے عمل میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## ڈی سی زیارت کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

**اے سی سنجاوی سمیت ڈسٹرکٹ آفیسران شریک، درخواستوں کا جائزہ لیا گیا**

**ہمارا مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے، ذکاء اللہ درانی کا خطاب**

سنجاوی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی آفس میں ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی جانب سے عوام کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری میں بڑی تعداد میں عوام نے اپنے مسائل کے حل کے لیے درخواستیں پیش کیں جو مسائل ڈسٹرکٹ انتظامیہ سے تعلق رکھتے تھے ان پر ڈپٹی کمشنر نے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی شیر شاہ، میونسپل کمیٹی سنجاوی کے چیئرمین حاجی خان محمد دمڑ، فوکل پرسن منسٹر فوڈ حاجی راز محمد دمڑ ڈسٹرکٹ افسران بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے کہا کہ گورنمنٹ آف بلوچستان کی واضح احکامات ہیں کہ عوام کے مسائل سن کر فوری طور پر حل کیے جائیں تاکہ عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے، کھلی کچہری کا مین مقصد بھی عوام کے مسائل سن کر ان کو ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے عوام کے مسائل کا حل ہمارے فرائض منصبی میں شامل ہے۔



## بلوچستان میں انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات آج سے شروع

**امتحانات میں ایک لاکھ سے زائد امیدوار حصہ لیں گے، 63 ہزار 262 طلبہ اور 37 ہزار 675 طالبات شامل**

**تمام تر انتظامات مکمل، صوبے بھر میں 252 مراکز قائم، تعینات عملے کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہے، ذرائع**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات آج (جمعہ) دو مئی سے شروع ہو رہے ہیں امتحانات میں ایک لاکھ سے زائد امیدوار حصہ لیں گے، انٹرمیڈیٹ کے امتحانات 22 اپریل سے شروع ہونا تھے مگر پروفیسر اینڈ لیکچرز ایسوسی ایشن کے بائیکاٹ کے باعث 10 دن تاخیر کا شکار ہوئے۔ بلوچستان بورڈ آف

بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین محمد اسحاق نے بتایا کہ آج (جمعہ) دو مئی سے شروع ہونے والے انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں دو مئی سے شروع ہونے والے امتحانات میں 100937 امیدوار حصہ لیں گے جن میں 63262 بوائز اور 37675 گرلز شامل ہیں امتحانات کیلئے صوبے بھر میں 252 امتحانی مرکز قائم کیے گئے ہیں جس میں تعینات عملے کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہے۔ چیئرمین بورڈ نے مزید بتایا کہ دو اور تین مئی کو آرٹس گروپ کے پیپرز ہوں گے جبکہ پانچ مئی سے سائنس گروپ کے پرچے بھی شروع ہو جائیں گے انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات 29 مئی تک جاری رہیں گے۔

## خضدار، محکمہ تعلیم کے تحت کامیاب امیدواروں میں تعیناتی آرڈر تقسیم

**آپ کے کاندھوں پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، ڈپٹی کمشنر و دیگر کا امیدواروں سے خطاب**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں محکمہ تعلیم کے تحت SBK (سکول بیسڈ کوٹہ) کے ذریعے کامیاب ہونے والے امیدواروں کو تعیناتی آرڈرز تقسیم کیے گئے۔ اس اہم موقع پر ایک باوقار تقریب کا انعقاد سہیل الرحمان کانفرنس ہال، ڈپٹی کمشنر آفس خضدار میں کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی اور ضلعی ناظم تعلیم عابد حسین بلوچ نے کی جنہوں نے آرڈرز تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا۔ تقریب میں بڑی تعداد میں کامیاب امیدوار، والدین، اساتذہ، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور محکمہ تعلیم کے افسران شریک ہوئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی اور ڈی ای او عابد حسین بلوچ نے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم ایک مقدس پیشہ ہے، جس کا ہر فرد معاشرے کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ آپ تمام افراد کو مبارک ہو کہ آپ نے شعبہ تعلیم کا انتخاب کیا ہے۔ اب آپ کے کاندھوں پر ایک بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ آنے والی نسلوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیم کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے اساتذہ کا کردار کلیدی ہے، اور اب کنٹریکٹ ٹیچرز کے بعد SBK کے تحت تعیناتیوں سے تعلیمی معیار میں نمایاں بہتری آئے گی آخر میں افسران نے تمام منتخب اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اخلاص، ایمانداری، اور محنت کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں تاکہ تعلیم کا شعور عام ہو اور بلوچستان کا ہر بچہ ایک روشن مستقبل کی جانب گامزن ہو سکے۔ یہ تقریب جہاں ایک تعلیمی پیش رفت کی علامت بنی، وہیں اس نے ان نوجوانوں کے خوابوں کو حقیقت میں بدل دیا جو تعلیم کے میدان میں ملک و قوم کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 MAY 2025 Page No. 17

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا، جس میں جمعیت علما اسلام کے فضل قادر مندوخیل ژوب بائی پاس منصوبہ پر فی الفور عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنانے اور پیدائش کے اندراج کیلئے 20 سال کے بجائے 30 سال عمر کرنے، جمعیت علما اسلام کے زاہد علی ریکی قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 260 کو جو واشک، خاران نوشکی اور چاغی پر مشتمل ہے کو قومی اسمبلی کے دو حلقوں میں تقسیم کرنے، جمعیت علما اسلام کے اصغر علی ترین ڈاکٹر مہر اللہ ترین کو سرکاری سطح پر شہید قرار دینے اور جمعیت علما اسلام کے ظفر علی آغا ضلع پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے کی بابت الگ الگ قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں بی این پی (عوامی) کے میر اسد اللہ بلوچ پی بی 29 پنجگور کیلئے محکمانہ تجویز کردہ منصوبوں کو پی ایس ڈی پی 2024-25 میں شامل نہ کرنے اور جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ بسول ڈیم پراجیکٹ پر اب تک آنے والے اخراجات اور پراجیکٹ کی تکمیل سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے جبکہ وقفہ سوالات میں محکمہ ملازمتہائے عمومی نظم ونسق، محکمہ اطلاعات، محکمہ پی سی ڈی اے اور محکمہ ٹرانسپورٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## نوجوان بلوچستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے لائیں، بلال خان کاکڑ

**کانفرنس کا جلد انعقاد کیا جائیگا، وی لاگرز/سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے کیلئے نوجوان نسل خصوصاً سوشل میڈیا انفلوئنسرز کا کردار اہم ہے انہیں چاہیے کہ اپنے صوبے کی خوبصورتی اور موجود مواقع کو بہترین طریقے سے اجاگر کریں اس سلسلے میں جلد ایک کانفرنس کا انعقاد کیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی اے کے دفتر میں مجوزہ کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں وی لاگرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو ہر طرح کی سہولیات اور تعاون فراہم کرینگے وہ آگے آئیں اور صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، ہمارا مقصد جھوٹ کو سچ ثابت کرنا نہیں بلکہ سچ کو عوام کے سامنے لانا ہے اس موقع پر بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی، بیوٹمز اور بی بی او آئی ٹی کے حکام بھی موجود تھے شرکاء نے بلوچستان کے مختلف سیکٹرز کی ترویج، نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں شامل کرنے اور سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کی روک تھام اور مثبت اقدامات کو فروغ دینے کیلئے تجاویز پیش کیں بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہم سب کا مقصد یہی ہے کہ بلوچستان کیلئے کچھ مثبت کریں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ صوبے میں کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیں بلوچستان کو قدرت نے بیش بہا وسائل سے نوازا ہے معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت، ساحلی ترقی اور دیگر شعبوں میں موجود مواقع کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے کیلئے نوجوانوں کا کردار اہم ہے، بلال کاکڑ

**نوجوان طبقہ اپنے صوبے کی خوبصورتی اور موجود مواقع کو بہترین طریقے سے اجاگر کریں، وائس چیئرمین سرمایہ کاری**

**نوجوانوں کو سہولیات اور تعاون فراہم کرینگے وہ آگے آئیں اور ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، عبدالکبیر زرکون**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے کیلئے موجودہ دور میں نوجوان نسل خصوصاً سوشل میڈیا انفلوئنسرز کا کردار اہم ہے، انہیں چاہئے کہ اپنے صوبے کی خوبصورتی اور یہاں موجود مواقع کو بہترین طریقے سے اجاگر کریں، اس سلسلے میں جلد ایک کانفرنس کا انعقاد کیا جائیگا جبکہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون نے کہا ہے کہ ہم نوجوانوں کو ہر طرح کی سہولیات اور تعاون فراہم کرینگے وہ آگے آئیں اور صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، ہمارا مقصد جھوٹ کو سچ ثابت کرنا نہیں بلکہ سچ کو عوام کے سامنے لانا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی اے کے دفتر میں مجوزہ کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں وی لاگرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی، بیوٹمز اور بی بی او آئی ٹی کے حکام بھی موجود تھے، اجلاس کے شرکاء نے بلوچستان کے مختلف سیکٹرز کی ترویج، نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں شامل کرنے اور سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کی روک تھام اور مثبت اقدامات کو فروغ دینے کیلئے تجاویز پیش کی گئیں، بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہم سب کا مقصد یہی ہے کہ بلوچستان کیلئے کچھ مثبت کریں، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ صوبے میں کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیں۔ بلوچستان کو قدرت نے بیش بہا وسائل سے نوازا ہے، معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت، ساحلی ترقی اور دیگر شعبوں میں موجود مواقع کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔

## چمن، ضلعی انتظامیہ کا منشیات کے عادی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن، 25 گرفتار

**گرفتار افراد کو منشیات سے بچاؤ مولوی عبداللہ کے سینٹر میں داخل کرا دیا گیا، لیویز فورس**

چمن (اصغر اچکزئی) ضلعی انتظامیہ چمن اور لیویز فورس کا نشے کی عادی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 25 سے زائد نشے کے عادی افراد گرفتار انہیں ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر میں داخل کر گیا یہ کارروائی ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ کی زیر نگرانی ہیڈ کوارٹر انچارج رسالدار جہانگیر خان کاکڑ، نائب رسالدار علاؤ الدین، ایم ٹی او محمد قاسم اور لیویز فورس نے شہر کے مختلف علاقوں پر چھاپوں کے دوران .......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

سرانجام دی گئی اس موقع پر لیویز فورس نے بتایا کہ 25 سے زیادہ منشیات کے عادی افراد کو گرفتار کرنے کے بعد منشیات سے بچاؤ مولوی عبداللہ کے سینٹر میں داخل کر کرادیا گیا ان افراد کے سینٹروں میں تمام تر اخراجات ضلعی انتظامیہ اٹھائے گی ڈی سی چمن اور شہر میں قائم منشیات سے بچاؤ ڈرگ سینٹرز مالکان کے درمیان فیصلہ ہوا ہے کہ شہر میں موجود نشے کے عادی افراد کو گرفتار کر کے منشیات سے بچاؤ سینٹروں میں داخل کرانے کے بعد انکے تمام تر اخراجات ضلعی انتظامیہ ادا کریگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 02 MAY 2025 Page No. 18

# بلوچستان کے معاملات حل کرنے کیلئے حقیقی نمائندگی دینا ہوگی، شاہد خاقان

**مائنز اینڈ منرل ایکٹ آئین اور 18 ویں ترمیم کیخلاف، موقع ملتے ہی منسوخ کردینگے، لشکری رئیسانی، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوام پاکستان پارٹی کے مرکزی کنوینر سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے معاملات حل کرنے ہیں تو بلوچستان کو حقیقی نمائندگی دینی ہوگی، لسٹوں والی حکومتیں بلوچستان اور پاکستان کو کچھ نہیں دے سکتیں بلوچستان کی حقیقی سیاسی قیادت کی باتوں کو اہمیت دی جائے، سیاست بندوق، نفرت اور انتشار سے نہیں بات چیت سے ہوتی ہے، ممکن نہیں پاکستان امیر ہو اور بلوچستان غریب رہ جائے بلوچستان کو پاکستان کا امیر ترین صوبہ ہونا چاہئے، ہم نے آئین کے اندر رہ کر ملک کے معاملات کو چلانا ہے۔ وہ جمعرات کو سراوان ہاوس میں سینئر سیاست دان، سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے نوابزادہ لشکری رئیسانی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بڑی عزت دی اور بلوچستان کی روایتی مہمان نوازی کی۔ ہمارے اوپر یہ لازم ہے کہ بلوچستان کی بات باقی ملک تک پہنچائیں، نوابزادہ لشکری رئیسانی سے ایک تعلق اور عزت کا رشتہ ہے وہ ہم سے بہتر سیاست کو سمجھتے ہیں اور انہوں نے بہتر انداز میں ہمیشہ ملک، بلوچستان اور آئین کی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں گزشتہ دس پندرہ سال سے سانحات در سانحات پیش آرہے ہیں، اکیسویں صدی میں اگر کسی ملک میں ایک ٹرین اغواء ہوجائے تو اس کے بارے میں لوگ کیا سوچیں گے یہ بڑی سنجیدہ بات ہے کہ اس معاملہ کی تہہ تک پہنچیں اور اس کا حل تلاش کریں۔ آج بلوچستان کے اندر لوگ خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے، صوبے کی شاہراہیں محفوظ نہیں، آج بلوچ نوجوان مایوسی کا اظہار کررہا ہے، دیکھنے کی ضرورت ہے کہ یہ حالات کیوں پیدا ہوئے اور اگر اس کا حل تلاش کرنا ہے تو بلوچستان کی حقیقی سیاسی قیادت کی باتوں کو اہمیت دی جائے۔ مسائل کے حل میں بڑی رکاوٹ آئین کو نہ ماننا ہے جب آئین کے تحت ملکی معاملات کو چلایا جائے گا تو مسائل خود بخود حل ہوں گے۔ ہم نے معاملات کو طے کرنا ہے اور یہ معاملات تب طے ہوں گے جب عوام کو حقیقی نمائندگی اور آئینی حقوق دیئے جائیں گے۔ جب آئین کے تحت ملکی معاملات کو چلایا جائے گا تو مسائل خود بخود حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی شکوہ نہیں کیا کہ بحیثیت وزیراعظم میرے پاس اختیارات نہیں تھے جو اختیارات تھے اس کے مطابق کام کیا یہاں سینیٹ اور چیئرمین سینیٹ کے انتخابات چوری ہوئے میں نے اس کی مخالفت کی اس وقت بھی کہا کہ میں سینیٹ میں نہیں جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کو میں نے ابھی تک پڑھا نہیں اس کو پڑھ کر اپنی رائے کا اظہار کروں گا تاہم اگر یہ ایکٹ آئین سے متصادم ہے تو یہ غلط ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پارٹی کو ضلعی سطح پر منظم کررہے ہیں، ہم سوچ بدلنے کی بات کررہے ہیں۔ مسائل نہ تو ایک دن میں پیدا ہوتے اور نہ ہی حل ہوتے ہیں۔ دیکھنا ہوگا کہ صوبہ کے اندر انتشار کیوں ہے، کیوں صوبے کا نوجوان پہاڑ پر گیا اور ملک سے مایوس ہوتا جارہا ہے، کراچی میں خودکش حملہ کرنے والی خاتون ہم سب سے زیادہ پڑھی لکھی تھی اس کے دو بچے تھے اچھے خاندان کی تھی وہ کیا سوچ تھی جس سے خودکش حملہ آور بنی، اس کا حل تلاش کرنا ہے۔ سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کی قیادت میں آنے والے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

## تاریخ نے انہیں عزت بخشی جو سچ کیساتھ ڈٹے رہے، مولانا عبدالواسع

**عوام نے بار بار ہمیں اعتماد کے مینار پر بٹھایا، 15 مئی کو بلوچستان بے مثال باب رقم کرنے جارہا ہے، دیگر رہنما**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ، صوبائی نائب امراء مولانا سرور ندیم، مولانا کمال الدین، مولانا حافظ محمد یوسف، مولانا نظر محمد حقانی، حاجی واحد آغا، صوبائی ترجمان حاجی دلاور خان کاکڑ، حاجی غوث اللہ اچکزئی، حاجی بن محمد سگی، حاجی منظور مینگل سمیت دیگر مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام بلا مبالغہ ملت اسلامیہ کی توانا آواز اور مظلوم مسلمانوں کی بے لاگ ترجمان ہے۔ چاہے عالمی سطح ہو یا ملکی منظر نامہ، ہر کٹھن گھڑی اور آزمائش کے لمحے میں جمعیت نے بغیر کسی مصلحت کے حق کا علم بلند رکھا اور مظلوموں کی ڈھال بنی۔ اگر دنیا کے کسی گوشے میں مسلمانوں پر ظلم ڈھایا گیا، تو جمعیت علماء اسلام نے نہ صرف اس پر کلمہ حق کہا، بلکہ مظلوموں کے شانہ بشانہ کھڑی ہو کر ظالموں کے ایوان ہلا دیئے۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن نے جس جرات، تدبر اور حکمت سے ملت اسلامیہ کا مقدمہ لڑا ہے، اس سے باطل کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ 15 مئی کو سرزمین بلوچستان تاریخ کا ایک بے مثال باب رقم کرنے جا رہی ہے۔ یہ دن بلوچستان کی سیاسی، نظریاتی اور عوامی شعور کا آئینہ دار ہوگا، جب لاکھوں کا جم غفیر میدان میں یہ صدا بلند کرے گا کہ اہل بلوچستان کا دل اہل فلسطین کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جمعیت علماء اسلام اس وقت بلوچستان کی وہ واحد اکثریتی اور منظم جماعت ہے جسے عوام نے بار بار اعتماد کے مینار پر بٹھایا، مگر سازشوں اور مداخلتوں کے ذریعے ہماری عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا۔ ہماری نمائندگی کو کم کر کے ایوانوں کو من پسند افراد سے بھر دیا گیا، اور ان فیصلوں کی بھاری قیمت آج صوبے کا ہر شہری چکا رہا ہے۔ ہمیں صرف اقتدار سے محروم نہیں کیا گیا، بلکہ ریکوڈک معاہدہ اور این ایف سی ایوارڈ جیسے اہم قومی امور میں ہمارے اصولی موقف کو "جرم" سمجھتے ہوئے ہماری حکومت کو گورنر راج کی تاریکیوں میں دفن کر دیا گیا۔ مگر ہمیں اپنے موقف، جدوجہد اور ان قربانیوں پر فخر ہے، کیونکہ تاریخ نے ہمیشہ انہی کو عزت بخشی ہے جو سچ کے ساتھ ڈٹے رہے۔

## بارڈر کی بندش سے لوگ نان شبینہ کو محتاج ہوگئے، ہدایت الرحمٰن

**11 مئی کو علماء و مشائخ کنونشن اور 25 مئی کو یوتھ جرگہ ہوگا، تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بارڈر ٹریڈ کی بندش سے لاکھوں لوگ معاشی مسائل کے ساتھ نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں ہڑتال کی کامیابی میں تاجر برادری نے ہر سطح پر ساتھ دیا حق دو بلوچستان مہم کے سلسلے میں 11 مئی کو علماء و مشائخ کنونشن 25 مئی کو یوتھ جرگہ ہوگا قومی مسائل کے حل اجتماعی حقوق کے حصول کیلئے 26 نکات بنائے ہیں اس پر سب کو متحد کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حق دو بلوچستان مہم کو تیز منظم کیا جائیگا حق دو بلوچستان مہم کامیاب ہوگی تو مزدور سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگوں کو حقوق و وسائل فراہم کیے جائیں گے بلوچستان کے وسائل بارڈر ٹریڈ و ساحل کے ثمرات کو لوٹنے کی سازش ہو رہی ہے زبردستی مسلط قوتیں عوام کی خیر خواہ نہیں حق دو بلوچستان مہم کے سلسلے میں نوجوانوں و خواتین اور طلباء، اساتذہ کرام اور علمائے کرام کو منظم کیا جائیگا۔

## مشرقی بائی پاس پر بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، ڈکیتی، بے قابو ہوچکی، جمعیت نظریاتی

**شہر کچرے کا ڈھیر بن چکا ہے، کمشنر نوٹس لیں، وزیراعلیٰ سے ایم ڈی واسا کو تبدیل کرنے کا مطالبہ**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی سینئر نائب امیر مولانا نیاز محمد مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی نے کہا کہ ایم ڈی واسا کی نااہلی سے کوئٹہ شہر پانی سے محروم ہے ایم ڈی واسا کی کوئٹہ شہر کی پائپ لائنوں اور مسائل سے ناواقفیت کی بنیاد پر عوام اذیت سے دوچار ہیں۔ عوام کئی مہینوں سے ٹینکر مافیاز کے رحم و کرم پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان تجربہ کار ایم ڈی واسا کو تعینات کریں تاکہ مسئلے کے حل کو یقینی بنا کر عوام کو اس صورتحال سے چھٹکارا دلایا جائے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام نظریاتی مشرقی بائی زون کی تمام یونٹوں کا مشترکہ اجلاس مولانا عبدالسلام کی صدارت میں ہوا۔ عبیداللہ حقانی نے مشرقی بائی پاس ضلعی دورہ، امن وامان اور مشرقی بائی پاس سڑکوں پر گندے پانی اور جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر و دیگر مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی بے حسی اور بے بسی سے مشرقی بائی پاس کے عوام ڈاکوؤں کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں۔ بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، ڈکیتی، بے قابو ہوچکی ہے۔ پولیس امن و امان کے لیے کھربوں روپے مختص ہونے کی باوجود عوام کو تحفظ نہیں دے سکتی۔ مشرقی بائی پاس میں صفا کوئٹہ کو کروڑوں روپے کے ٹھیکہ دینے کی باوجود شہر گندگی اور کچرے کا ڈھیر بن گیا ہے۔ کیچڑ، گندگی، تعفن اور اس سے پھیلنے والے مختلف بیماریوں نے شہریوں کو شدید اذیت سے دوچار کر رکھا ہے۔ کمشنر فوری طور ایکشن لے کر صفائی کے انتظامات ترجیحی بنیاد پر کرائیں تاکہ پھیلی ہوئی گندگی، غلاظت اور تعفن سے چھٹکارا مل سکے۔

## استحصالی پالیسیوں کے باعث تمام شعبے تباہ حال ہیں، میر کبیر

**نظام پر اشرافیہ کے قبضے نے مزدوروں کو بھی حقوق سے محروم کررکھا ہے، بیان**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ یکم مئی محنت کشوں کے حقوق کے حصول اور استحصال کے خاتمے کی جدوجہد کی حمایت، یکجہتی اور تجدید عہد کا دن ہے اس دن کی مناسبت سے ہم مزدور تحریک اور محنت کش طبقے کی غیر متزلزل جدوجہد، قربانیوں اور استقامت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ محنت کش طبقہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مگر بدقسمتی سے اپنے جائز حقوق سے محروم ہے سابق سینیٹر نے یوم مزدور کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان میں بھی معیشت اور نظام کا پہیہ چلانے والے کسان، مزدور اور ملازمین معاشی، سماجی اور سیاسی استحصال کا شکار ہیں غربت، مہنگائی، بیروزگاری، ناانصافی، لاقانونیت، جرائم، آمریت اور ترقیاتی مواقعوں کی قلت نے محروم طبقات کو استحصال اور پسماندگی کے نہ ختم ہونے والے چکر میں ڈال دیا ہے۔ بلوچستان میں حکمرانوں کی غفلت اور استحصالی پالیسیوں کے سبب زراعت کا شعبہ اور کسان تباہ حال ہیں، سمندر کو ٹرالر مافیا کے حوالے کر کے ماہیگیروں کو روزگار سے محروم کیا جارہا ہے، کانکنی کا شعبہ مقامی لوگوں سے چھین کر مرکز اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کے حوالے کیا جارہا ہے، ملازمین اپنے بنیادی حقوق کے لیے آئے روز سڑکوں پر ہیں حکمرانی کی کوئی شنوائی نہیں اور بارڈر ٹریڈ کی بندش سے ہزاروں محنت کش خاندان نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ نیشنل پارٹی عوام کی جماعت ہے جو قومی و طبقاتی جبر اور استحصال کے خاتمے کی علمبردار اور جمہوریت، وفاقیت اور سماجی انصاف پر مبنی نظام کی تعمیر کے لیے کوشاں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Buliet No. 3 Dated: 02 MAY 2025 Page No. 19

## مسائل کے حل اور حقوق کیلئے محنت کش متحد ہوجائیں، یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن

**تمام محنت کشوں کو یونین سازی کا حق دیا اور لیبر قوانین پر عملدرآمد کیا جائے، مقررین، ریلی بھی نکالی گئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے زیراہتمام مزدوروں کے عالمی دن کی مناسب سے فیڈریشن کے صدر علی بخش جمالی اور پیر محمد کاکڑ کی قیادت میں کوئٹہ میں ایری گیشن آفس چمن پھاٹک سے ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی کوئٹہ پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھار کھے تھے اور نعرے بازی کررہے تھے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صدر علی بخش جمالی، پیر محمد کاکڑ، نیشنل پارٹی کے ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ، بی بی جان کاکڑ، ممتاز قانون دان اعظم زرکون، حاجی سیف اللہ ترین، سلام زہری، ارشد عباس ڈار، حاجی عثمان، علی شس خلجی، کریم پرہار، ہدایت اللہ درویش، آغا سلطان شاہ، ملک سعید لہڑی نے کہا کہ محنت کشوں کے مسائل کے حل کے لیے متحد ہوکر جدوجہد کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں تمام کنٹرکٹ ملازمین کو مستقل کیا جائے، سرکاری اداروں کی نجکاری کے نام پر نیلامی بند، تمام نجی اداروں میں محنت کشوں کی سوشل سیکورٹی اور ای او بی آئی میں رجسٹریشن یقینی بنائی، مائنز، بھٹہ خشت، ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں کے ورکرز کے لیے صحت وسلامتی کے اقدامات کو موثر بنایا جائے۔ کم از کم اجرت مہنگائی کے تناسب سے بڑھائی اور اس پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے، تمام محنت کشوں کو یونین سازی کا حق دیا اور لیبر قوانین پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائی جائے۔ 63 یونینز کو بحال، پنشن کا پرانا نظام بحال، تنخواہوں میں سو فیصد اضافہ، اسپتالوں، اسکولوں، میٹروپولیٹن، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری روکی جائے۔ جلسے کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محنت کشوں کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی، اس موقع پر عزیز احمد سارنگزئی نے قراردادیں پیش کیں جو متفقہ طور پر منظور کی گئیں۔

## حکومت کے دعوے جھوٹ پر مبنی اشتہارات تک محدود ہیں، پشتونخوامیپ

**عوامی حقوق پر سودے بازی کرنیوالے جوابدہ ہونگے، شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی مذمت، اجلاس**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پارٹی اکابرین نے ہمیشہ اصولی اور جمہوری موقف پر سیاست کی ہے، قومی، سیاسی، جمہوری تحریکوں میں پشتونخوامیپ اور اس کی قیادت کی سیاست اور موقف تمام جمہوری عوام کے لیے مشعل راہ ثابت ہوئی ہے۔ جن پارٹیوں اور نمائندوں نے عوام کے حقوق پر سودے بازی کی ہے وہ تاریخ میں جوابدہ ہوں گے، ظلم وجبر استحصال سے مکمل نجات اور قومی برابری، جمہوریت، سماجی انصاف، امن وترقی، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری صرف سیاسی جمہوری جدوجہد کے ذریعے ممکن ہے، شہدا شکاگو نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرکے دنیا بھر کے محنت کش طبقات کے حقوق کیلئے قوانین بنانے کی بنیاد فراہم کی، مزدوروں کے عالمی دن کی مناسبت سے 1886 شکاگو کے شہدا کی افتخار اور لازوال قربانیوں اور جدوجہد پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور اُن تمام انسانوں جو اجرت، محنت مشقت کا کام کرتے ہوئے ہر بوجھ اپنے کندھوں پر لیکر اپنے بچوں کے لیے حلال روزی کماتے ہیں حالیہ سخت ترین مہنگائی کو مدنظر رکھ کر ان کے لیے بنیادی ضروریات، سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ آج کے دن کے حوالے سے بدقسمتی یہ ہے کہ پشتون عوام پر ملک بھر میں تجارت، روزگار کے دروازے بند کئے گئے ہیں اور اسکی منصوبہ بندی کرنے والے کسی صورت پشتون عوام اور ملک کے خیرخواہ نہیں۔ کوئٹہ شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہیں، کیسکو بجلی کے حوالے سے عوام کے مسائل کو حل کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ ہے۔ شہر میں چوری ڈکیتی، منشیات فروشی میں ملوث جرائم پیشہ عناصر مکمل آزاد اور پولیس کی جانب سے انہیں کھلی چھوٹ دی گئی ہے۔ شہریوں کی جان ومال محفوظ نہیں رہی، گن پوائنٹ پر شہریوں کو زخمی اور قتل کردیا جاتا ہے۔ کوئٹہ شہر میں پینے کے صاف پانی کی قلت کا مسئلہ بڑھتا جارہا ہے، مختلف علاقوں میں ٹیوب ویلز کی بندش، خرابی، غیر فعالیت اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہری پینے کے صاف پانی سے محروم اور ٹینکرز مافیا کے رحم وکرم

ہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ضلع کمیٹی کے اجلاس سے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری منان خان بڑیچ، ضلع ایگزیکٹیو کے رکن ارباب نصراللہ خان کاسی نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اور اجلاس کو یوم مئی مزدوروں کے عالمی دن کی مناسبت سے منسوب کیا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی رابطہ سیکرٹری کل خلجی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حفیظ ترین، ضلع سینئر معاونین، ضلع ایگزیکٹیوز کے ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع ایگزیکٹیوز، تحصیل صدر، تحصیل کچلاک، تحصیل سریاب اور تحصیل سٹی کے رہنماؤں نے اپنی تنظیمی سیاسی کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ جس کا تنقیدی جائزہ لیا گیا اور مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی۔ مقررین نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں صوبے کے مختلف اضلاع کے شہری آباد ہیں اور یہاں کے مسائل اس وقت گھمبیر ہوچکے ہیں، تعلیم، صحت، زراعت، آبنوشی، تجارت سمیت ہر شعبہ زندگی میں عوام مسائل سے دوچار ہیں اور انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ فارم 47 کی حکومت کے دعوے محض اخباری بیانات، لاکھوں روپے کے جھوٹ پر مبنی اشتہارات تک محدود ہیں، جبکہ عوام کو کسی شعبہ میں فائدہ نہیں پہنچایا گیا۔ آج بھی زمیندار، تاجر، مزدور، اساتذہ، ملازمین، ٹرانسپورٹرز، طلباء، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکس، انجینئرز، وکلاء یعنی ہر شعبہ زندگی کے لوگ شدید مسائل ومشکلات سے دوچار ہیں اور انہیں حل کرنے کے لیے کوئی سنجیدہ نہیں۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ہر ذمہ دار کارکن نے اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے پارٹی جانب سے دیئے گئے فرائض کو بخوبی انجام دینا ہوگا۔ پارٹی عوامی خدمت کے جذبے میں کسی کارکن کی سستی، کاہلی، غفلت کو برداشت نہیں کریگی۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں وکارکنوں کے عزیز واقارب کی وفات پر مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا کی گئی

MASHRIQ QUETTA

## محکمہ صحت کو فراہم ادویات کا 60 فیصد بجٹ استعمال ہی نہیں ہوا، پشتونخوانیپ

**وزیراعلیٰ و چیف سیکرٹری اپنے دعوؤں کے مطابق موجود سنگین صورتحال کا نوٹس لیں، بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں اس دوقومی صوبے کے محکمہ صحت اور اُس کے متعلقہ ادارے کی جانب سے صوبے کے تمام اضلاع کو جاری مالی سال 25-2024ء کی ادویات کی عدم فراہمی پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے نام نہاد صوبائی حکومت اور اُن کے ادارے کی عوام دشمنی کے مترادف قرار دیا ہے اور کہا گیا ہے کہ موجودہ مالی سال مکمل ہونے کو ہے جبکہ محکمہ صحت کی جانب سے 60 فیصد ادویات کا بجٹ

.......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

نجات اور قومی برابری، جمہوریت، سماجی انصاف، امن وترقی، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری صرف سیاسی جمہوری جدوجہد کے ذریعے ممکن ہے، شہداء شکاگو نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے دنیا بھر کے محنت کش طبقات کے حقوق کیلئے قوانین بنانے کی بنیاد فراہم کی، آج مزدوروں کے عالمی دن کی مناسبت سے 1886 شکاگو کے شہداء کے پر افتخار اور لازوال قربانیوں اور جدوجہد پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور اُن تمام انسانوں جو اجرت، محنت مشقت کا کام کرتے ہوئے ہر بوجھ اپنے کندھوں پر لیکر بچوں کیلئے حلال روزی کماتے ہیں حالیہ سخت ترین مہنگائی کو مدنظر رکھ کر ان کیلئے بنیادی ضروریات کے مطابق سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 3

Dated: 02 MAY 2025 Page No. 20

# یکم مئی پر محنت کش طبقے کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں، سیاسی رہنما

## ملک وقوم کی ترقی کا سفر محنت، عزم اور جدوجہد کے بغیر ممکن نہیں، اسلام حق دینے کا درس دیتا ہے

**جام کمال، اسرار زہری، کبیر احمد محمد شہی، سلیم کھوسہ، حافظ حمد اللہ، غلام رسول عمرانی، امیر حمزہ زہری**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان، بی این پی عوامی کے مرکزی صدر میر اسرار اللہ خان زہری، نیشنل پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری میر کبیر احمد محمد شہی، مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ، جے یو آئی کے مرکزی رہنما حافظ حمد اللہ، صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری، صوبائی مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پیپلز پارٹی کے رہنما سینیٹر بلال احمد مندوخیل، پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبید اللہ گورگیج نے عالمی یوم مزدور پر اپنے الگ الگ پیغامات میں کہا ہے کہ یکم مئی کا دن محنت کشوں کے حقوق (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

کے حصول اور استحصال کے خاتمے کی جدوجہد کی حمایت، یکجہتی اور تجدید عہد کا دن ہے اس دن کی مناسبت سے ہم مزدور تحریک اور محنت کش طبقے کی غیر متزلزل جدوجہد، قربانیوں اور استقامت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ دنیا بھر میں کارخانوں سے لے کر بازاروں، آبادیوں اور میدانوں تک محنت کش طبقہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جو اپنے خون و پسینے سے پیداوار، تعمیر اور ترقی کا عمل آگے بڑھاتا ہے یوم مزدور ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ کسی بھی ملک وقوم کی ترقی کا سفر محنت، عزم اور جدوجہد کے بغیر ممکن نہیں۔ مزدور کے حقوق ادا کرنا اسلام کا بھی اہم تقاضا ہے مزدور کو اجرت ادا کرنا مزدور پر احسان نہیں ہے بلکہ ان کا حق ہے مزدوروں کی تنخواہ ان کی ضروریات زندگی کے مطابق ہونی چاہیے کیونکہ انہی کی محنت اور جفاکشی سے ملکی نظام چل رہا ہے لہذا مزدوروں کو ان کا حق پورا پورا اور بروقت ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مزدوروں اور ان کے بچوں کی بہبود حکومت کا اہم مقصد ہے۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار مزدوروں کے بچے ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، جو کہ حکومت کی مثبت پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ محنت کشوں کے بچوں کو روزگار، صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ محنت کشوں کی شب و روز کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی انتھک کوششوں سے بلوچستان اور پاکستان ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں انہوں نے ملک کے تمام مزدوروں کو ان کی لازوال خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

CamScanner

## سٹی نالہ، پولیس اور منشیات فروشوں میں فائرنگ، 2/افراد ہلاک

**بدنام زمانہ منشیات فروش عصمت اللہ کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی، ملزم ساتھیوں سمیت فرار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سٹی نالے میں پولیس اور منشیات فروشوں میں فائرنگ کا تبادلہ دو منشیات فروش ہلاک ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق ایس پی سٹی اختر نواز کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش عصمت اللہ سٹی نالے میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ موجود ہے جس پر ڈی ایس پی سٹی سلیم شاہوانی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے گزشتہ شب سٹی نالے میں کارروائی کی پولیس کو دیکھتے ہی منشیات فروشوں نے فائرنگ شروع کر دی فائرنگ کے تبادلے پولیس اہلکار ڈرائیور زاہد زخمی ہو گیا جبکہ فائرنگ سے دو منشیات فروش ہلاک ہو گئے جبکہ منشیات فروش عصمت اللہ اور اس کے ساتھی رات کی تاریکی میں فائرنگ کرتے فرار ہو گئے پولیس نے منشیات فروشوں کا اسلحہ قبضے میں لے کر لاشوں اور زخمی اہلکار کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئیں۔

## ڈیرہ مراد جمالی: ڈاکوؤں نے تاجر کو لاکھوں روپے سے محروم کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم ڈاکوؤں نے ہندو تاجر کو یرغمال بنا کر اس سے 10 لاکھ نقدی چھین کر فرار ہو گئے واقع کیخلاف سینکڑوں مشتعل تاجروں نے احتجاجاً سندھ بلوچستان قومی شاہراہ ٹریفک کے لیے بلاک کر دی متعدد گھنٹے گزرنے کے بعد پولیس کی یقین دہائی پر احتجاج ختم کر دیا گیا۔

## پنجگور سے پولیس کانسٹیبل کی لاش برآمد

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے تسپ سیڈے سے لاش برآمد ہوئی ہے پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت پولیس کانسٹیبل مکرم ولد اکرم ساکن وشبود کے نام سے ہوئی جس کے جسم پر گولیوں کے نشان موجود تھے خاندانی ذرائع کے مطابق بارڈر گیا تھا جس کے بعد اس کی لاش برآمد ہوئی۔

## تربت: تمپ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

تربت (نامہ نگار) تربت کے علاقے تمپ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک ہلاک ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب تمپ کے علاقے ملک آباد میں مسلح افراد نے ایک گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے سعید عابد کے بھائی زبیر ولد تحصیلدار عابد کو ہلاک کر دیا۔ حملہ آور زبیر کی موٹر سائیکل اور دیگر سامان بھی ساتھ لے گئے۔

## نوشکی: بس اڈے سے غیر ملکی سامان سے لدی تین گاڑیاں اغوا

نوشکی (نامہ نگار) کل غریب آباد بس اڈہ کے قریب سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر غیر ملکی سامان سمیت سے لادی تین گاڑیوں کو ڈرائیوروں سمیت اغوا کر لیا ڈرائیوروں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر انہیں ویرانے میں چھوڑ کر گاڑیوں میں کروڑوں روپے مالیت کے سامان اور گاڑیوں کو لے جانے میں کامیاب ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے پورے علاقے کی ناکہ بندی سرچ آپریشن اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کی گرفتاری کے کارروائی کر رہی ہے۔



## صحبت پور، مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار زخمی

**پولیس نے مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا، فائرنگ سے کانسٹیبلان فیض رسول و دیدار علی کھوسو زخمی**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق صحبت پور کے قریب پولیس تھانہ ملک شہید محمد علی کی حدود میں پولیس نے چیکنگ کے دوران مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار کانسٹیبل فیض رسول اور کانسٹیبل دیدار علی کھوسو شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال پہنچا دیا گیا واقعہ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

## خاران، 2 افراد کی تشدد زدہ نعشیں برآمد

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع خاران سے دو افراد کی تشدد زدہ لاشیں برآمد، ضلعی انتظامیہ کے مطابق دونوں افراد کی لاشیں دو مختلف مقامات سے ملیں، لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا دونوں افراد کو گولیاں مار کے قتل کیا گیا ہے ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اس حوالے سے پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے اور شناخت کا عمل جاری ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 MAY 2025

Page No. 22

# سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائیگا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے بعد پاکستان پر بھارت کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات اور اس کی جارحانہ روش کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں پیش کی گئی متفقہ قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہیں خوشی ہے کہ تمام اپوزیشن اراکین نے قومی سلامتی کے معاملے پر سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کے خلاف پیش کی گئی مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب بات پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی ہو تو تمام سیاسی اختلافات پس منظر میں چلے جاتے ہیں ایسی یکجہتی زندہ قوموں کی پہچان ہوتی ہے پہلگام واقعہ ایک جعلی کارروائی کا نتیجہ ہے جس میں بھارتی حکومت خود ملوث دکھائی دیتی ہے اس سے قبل بھی بھارت میں خصوصا مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے بیشتر واقعات کے تانے بانے بھارتی خفیہ اداروں سے جا ملتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے یہ ایک خطرناک صورتحال ہے جو پورے خطے کو متاثر کرسکتی ہے ہمیں بھارتی عزائم کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی صورت میں بہتر راستہ نہیں خصوصا ایسے ممالک کے مابین جو ایٹمی قوت کے حامل ہوں لیکن اگر جنگ مسلط کی جائے تو اس کا انجام کسی کے ہاتھ میں نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے ہم ہر ممکن قدم اٹھائیں گے عالمی برادری کو اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ پاکستانی قوم کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام اور اسمبلی جو پورے صوبے کی نمائندگی کرتی ہے اپنی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر بھارت نے کسی قسم کی جارحیت کی کوشش کی تو بلوچستان کے عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھارتی بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ معاہدے بین الاقوامی دوطرفہ معاہدے ہیں جو کسی یکطرفہ بیان سے ختم نہیں ہو سکتے اگر بھارت انہیں ختم کرنا چاہتا ہے تو یہ دراصل جنگ کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا پانی کے معاملے پر پاکستانی قوم اسے زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھتی ہے اس لئے بلاشبہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائے گا اور یہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی بھی ہوگی جس پر ہم عالمی فورم پر بھی آواز بلند کریں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ ایک پرامن ملک رہا ہے جس نے ہمیشہ امن کو فروغ دینے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیں گے پاکستان نے ماضی میں بھی بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور اس بار بھی اگر بھارت نے کوئی غلطی کی تو اُسے اس سے زیادہ سخت جواب ملے گا پہلے بھارت کو چائے پلائی اب کچھ اور پلائیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت کو ہوش کے ناخن لینے چاہییں کیونکہ پاکستانی قوم اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی ہماری افواج، بری، بحری اور فضائی، انتہائی پیشہ ور ہیں جو جنگ سے گریز کو ترجیح دیتی ہیں لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو اس کا جواب ایسا ہوگا کہ دشمن کو ہمیشہ یاد رہے گا اپنے اختتامی کلمات میں قرارداد کی بھرپور حمایت پر وزیراعلیٰ نے ایوان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں بلوچستان کی جانب سے وفاقی حکومت اور وزیراعظم پاکستان کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وطن عزیز کی سلامتی کے تحفظ کے لیے جو بھی فیصلے لیے جائیں گے بلوچستان کے عوام ان فیصلوں کی بھرپور حمایت کریں گے اور ہر قدم پر حکومتِ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 02 MAY 2025 Page No. 25

# Monsoon contingency plan

Balochistan, along with several other regions of Pakistan, is currently grappling with drought-like conditions. However, the Meteorological Department has forecast heavy rainfall across Balochistan and other parts of the country during the upcoming monsoon season. Although only a few districts of Balochistan typically fall under the monsoon belt, the province remains much vulnerable to intense downpours and flash floods. Even remote districts such as Chagai, Washuk, Nushki, and Panjgur—traditionally considered outside the monsoon zone—have experienced unprecedented rainfall and devastating floods in recent years, leading to significant financial losses and tragic human casualties.

Floodwaters wreak havoc, destroying standing crops, roads, homes, and public infrastructure—especially in the absence of a robust contingency plan. Unfortunately, despite a history of damage from monsoon-related disasters, the authorities concerned have shown inadequate preparedness. A telling example is the bridge in Bolan district connecting Quetta with Sibi and Sindh, which was washed away during last year's heavy floods and still remains unreconstructed. This not only highlights institutional inefficiency but also reflects the continued neglect of critical infrastructure.

Historically, both the provincial government and the Provincial Disaster Management Authority (PDMA) have utterly failed to adopt proactive measures to prevent such disasters. This lack of preparedness disproportionately affects people in remote areas, where poverty and underdevelopment are already prevalent. A lot of villages and towns often lack basic infrastructure such as paved roads, healthcare facilities, and educational institutions. Natural disasters such as floods further exacerbate their suffering, pushing them deeper into poverty and delaying recovery for years.

A comprehensive and practical contingency plan is urgently needed to reduce the damages during flood emergencies. The government must ensure that authorities are well-trained and equipped to provide timely relief. Regular flood drills, installation of early warning systems, and public awareness campaigns are essential. Moreover, the PDMA should be fully prepared to handle any extreme emergency situation efficiently.

Urban areas like Quetta also suffer greatly due to blocked drainage systems. After every heavy rainfall, large parts of the city resemble rivers, as clogged drains overflow and cause urban flooding. Authorities must prioritize the cleaning of nullahs, tributaries, and drainage networks to prevent such recurring urban chaos and turmoil.

While natural calamities cannot be entirely prevented, timely preparation and strategic planning can significantly reduce their impact. It is hoped that the authorities will take serious steps to strengthen their monsoon contingency plan in order to safeguard lives, livelihoods, and infrastructure during the upcoming rainy season.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 MAY 2025 Page No. 23

## ملکی ترقی، تمام طبقات کی خوشحالی اور معاشی استحکام کا وژن!!

جمعرات کو بلوچستان سمیت ملک بھر اوز پوری دنیا میں مزدوروں کا عالمی دن منایا گیا۔اس دن کی مناسبت سے وفاقی وصوبائی حکومتوں نے محنت کشوں کے لئے پہلے سے جاری منصوبوں کی جلد تکمیل اور مستقبل میں نئے منصوبوں اور اقدامات کے دوٹوک عزم کا اعادہ کیا اس دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے اڑان پاکستان وژن کا ذکیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت اڑان پاکستان وژن کے تحت پرعزم ہے کہ محنت کشوں کو باعزت روزگار، مناسبت اجرت اور بہتر سہولیات دی جاسکیں ۔انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کا عالمی دن ہم سب کو یہ یاد دلاتا ہے کہ مضبوط، خوددار اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد ہمارے محنت کشوں، مزدوروں، کسانوں اور ہنر مندوں کی شب وروز کی محنت اور خون پسینے سے جڑی ہے،آج کا دن ہمیں اس طبقے کے حقوق، وقار اور خوشحالی کے لئے نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان اُڑان پاکستان کے وژن کے تحت ایسا پاکستان تعمیر کرنے کے لئے پرعزم ہے جہاں محنت کشوں کو باعزت روزگار، مناسب اُجرت، محفوظ ماحول اور صحت وتعلیم کی بنیادی سہولیات میسر ہوں، ایک ایسے معاشرے کی تشکیل اور ایسی معیشت کا قیام چاہتے ہیں جہاں سب کو ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں، جہاں کوئی بھی فرد اپنے سماجی یا مالی پس منظر کی بنیاد پر پیچھے نہ رہ جائے محنت کش طبقہ صرف فیکٹری، کھیت یا تعمیراتی جگہوں تک محدود نہیں بلکہ اس میں ہر وہ فرد شامل ہے جو اپنے خاندان اور ملک کے لئے دن رات مشقت کرتا ہے، ہماری پالیسیوں کا مرکز ومحور یہی طبقہ ہے حکومت یہ سمجھتی ہے کہ جب تک محنت کش طبقے کو سماجی انصاف، تحفظ، عزت اور آگے بڑھنے کے یکساں مواقع میسر نہ ہوں اُس وقت تک ملکی ترقی کا خواب ادھورا ہے، یہی وجہ ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت معیشت کی بحالی، صنعتوں کے فروغ، ایکسپورٹس کے اضافے اور نوجوانوں کو ہنر دینے کے پروگرامز کے ذریعے باعزت روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کر رہی ہے اڑان پاکستان کی اگر بات کریں تو یہ موجودہ حکومت کا ایک ایسا وژنری منصوبہ اور پروگرام ہے جس کی بدولت معیشت بھی مستحکم ہوگی معاشرتی مسائل بھی ختم ہوں گے اور آنے والے وقتوں میں پاکستان کی ترقی خوشحالی اور استحکام کے دیرینہ اہداف بھی حاصل ہوں گے اڑان پاکستان پروگرام موجودہ وفاقی حکومت کا ایک دوراندیشانہ اور ترقی پسندانہ منصوبہ ہے، جس کا مقصد ملک کی سماجی واقتصادی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا ہے۔یہ پروگرام اپنی جامعیت اور مستقبل پر مبنی حکمت عملی کے باعث ملکی معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اڑان پاکستان پروگرام کا بنیادی فلسفہ ملک کے تمام طبقات اور علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔یہ محض چند بڑے شہروں یا مخصوص صنعتوں تک محدود نہیں، بلکہ اس کا دائرہ کار پورے ملک پر محیط ہے۔اس وسیع النظریے کے تحت، پروگرام کے مختلف اجزاء معیشت کے متعدد شعبوں کو متحرک کرنے اوران میں پائیدار ترقی دلائیں گے روزگار کی فراہمی کسی بھی معیشت کی مضبوطی کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے موجودہ حکومت ملک میں صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے خصوصی کام کررہی ہے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اورانہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت کی فراہمی یقین بنائی جارہی ہے اس ضمن میں قائم کیے جانے والے ترقیتی ادارے اور پیشہ ورانہ مراکز نہ صرف نوجوانوں کو باعزت روزگار کے قابل بنائیں گے بلکہ ملکی صنعتوں کو بھی ہنرمند افرادی قوت کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔اس کے نتیجے میں بے روزگاری کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوگی اور لوگوں کی قوت خرید میں اضافہ ہوگا، جو بالواسطہ طور پر معاشی سرگرمیوں کو فروغ دے گا۔سرمایہ کاری کسی بھی معیشت کے انجن کی مانند ہوتی ہے۔اڑان پاکستان پروگرام ملکی اور غیرملکی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لئے پرکشش مراعات اور سازگار پالیسیاں متعارف کروا رہا ہے۔کاروبار شروع کرنے کے عمل کو آسان بنایا جارہا ہے اور ریگولیٹری رکاوٹوں کو دور کیا جارہا ہے۔اس کے علاوہ، خصوصی اقتصادی زونز کا قیام بھی اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جہاں سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کی جائیں گی۔یہ اقدامات نہ صرف نئی صنعتوں کے قیام کا باعث بنیں گے بلکہ موجودہ صنعتوں کی توسیع اور جدیدکاری میں بھی معاون ثابت ہوں گے۔غیرملکی سرمایہ کاری کے نتیجے میں قیمتی زرمبادلہ ملک میں داخل ہوگا، جس سے ملکی ذخائر میں اضافہ ہوگا اور روپے کی قدر مستحکم ہوگی اسی طرح سیاحت کسی بھی ملک کی معیشت کے لئے ایک اہم ذریعہ آمدنی ثابت ہوسکتی ہے۔پاکستان اپنی قدرتی خوبصورتی، تاریخی ورثے اور ثقافتی تنوع کے باعث سیاحت کے شعبے میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔اڑان پاکستان پروگرام اس پوٹینشل کو بروئے کار لانے کے اہم کردار ادا کرے گا۔اڑان پاکستان وژن میں انفراسٹرکچر کی مضبوطی پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے انفراسٹرکچر کسی بھی معاشی ترقی کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔اڑان پاکستان پروگرام ملک بھر میں سڑکوں، پلوں، مواصلاتی نظام اور توانائی کے منصوبے مکمل ہوں گے تو ملک میں سماجی اور معاشی انقلاب بپا ہوگا چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار جنہیں حرف عام میں ایس ایم ایز کہا جاتا ہے اس سے بھی روزگار اور معاشی سرگرمیوں میں تیزی کے مواقع جڑے ہیں موجودہ حکومت ایس ایم ایز کی فروغ کے لئے کام کررہی ہے آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی، تکنیکی معاونت اور مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنانے کی کاوشیں قابل ستائش ہیں اسی طرح جدید ٹیکنالوجی اور اختراع کسی بھی معیشت کو عالمی سطح پر مسابقتی بنانے کے لئے ناگزیر تصور ہوتی ہے اڑان پاکستان میں اس جانب بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت ایک ایسے وقت میں برسراقتدار آئی جب ملک میں ہر طرف مسائل ہی مسائل تھے نہ صرف سیاسی عدم استحکام تھا بلکہ معیشت بھی دگرگوں حالت میں تھی خزانہ خالی تھا معیشت کی کشتی چہار اطراف سے طوفانی تھپیڑوں کی زد پر تھی ایسے میں موجودہ حکومت نے کام شروع کیا مشکل اور نامساعد حالات کے باوجود حکومت نے جامع منصوبہ بندی اور عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا آمدن و اخراجات میں توازن سے لے کر محصولات میں اضافے اور توانائی بحران پر قابو پانے سے لے کر ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں میں تیزی کے حوالے سے ہمہ گیر اقدامات قابل ستائش ہیں ملکی ترقی، تمام طبقات کی خوشحالی اور معاشی استحکام کا وژن قابل ستائش ہے امید ہے کہ بہتری، جدت اور استحکام و ترقی کا یہ سفر جاری رہے گا اور اس بابت کسی قسم کا اغماض نہیں برتا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 Dated: 02 MAY 2025 Page No. 24

# خوش آئند حکومتی اعلانات کے باوجود

# عوام کے مسائل میں کمی نہ آسکی

حکومت کی جانب سے درجنوں اعلانات اور بڑے بڑے اقدامات کے باوجود عوام کو درپیش مسائل کی شدت میں اضافہ سرکاری مشینری کے آپریشن میں سقم کی نشاندہی کرتا ہے وطن عزیز میں ہر برسر اقتدار آنے والی حکومت چاہے مرکز میں ہو یا کسی بھی صوبے میں درپیش صورتحال کا ذمہ دار اپنے سے پہلے کے حکمرانوں کو ٹھہرا کر اصلاح احوال کیلئے تاریخ ساز اقدامات کا عندیہ دے دیتی ہے جبکہ برسرزمین صورتحال میں کوئی تبدیلی دکھائی نہیں دیتی بلوچستان میں صحت کا شعبہ حکومتی ترجیحات کا حصہ چلا آرہا ہے ایک دہائی سے زیادہ کے عرصے میں اس سیکٹر کیلئے درجنوں اصلاحات متعارف ہوئیں صحت کارڈ جیسا بڑا منصوبہ بھی دیا گیا فنڈز کے اجراء میں بھی باوجود مشکلات کے کوئی رکاوٹ نہیں رکھی گئی' اصلاحات کا یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے' اب اضلاع کی سطح پر ہسپتالوں میں بہتری اور سہولیات کا منصوبہ بنایا جارہا ہے اس سب کے باوجود اس اہم سیکٹر میں عوام کو درپیش مشکلات اپنی جگہ تلخ حقیقت ہیں' تعلیم کے شعبے میں غریب شہری دو کمروں کے گلی محلے کی سطح پر قائم سکول میں بچوں کو داخلے دلوانے کو سرکاری سکولوں پر ترجیح دیتے ہیں معیار تعلیم کا اندازہ تعلیمی بورڈز کے نتائج میں خود بخود دکھائی دیتا ہے' بنیادی شہری سہولتوں کا فقدان اپنی جگہ ہے بلدیاتی ادارے انتخابات کے بعد سے اب تک فنڈز اور دیگر مسائل کا شکار رہے ہیں جس کا نتیجہ میونسپل سروسز کے متاثر ہونے کی صورت میں سامنے ہے' آبادی کے ایک بڑے حصے کو پینے کا صاف پانی تک نہیں مل رہا' اربن پلاننگ کا فقدان اپنی جگہ ہے جبکہ بڑے بڑے منصوبوں کے اعلانات کے باوجود صوبے کے دارالحکومت اور دوسرے شہروں میں ٹریفک کا مسئلہ روز بروز سنگین صورتحال اختیار کرتا چلا جارہا ہے درپیش منظرنامہ متقاضی ہے اس سقم کو تلاش کرنے کا کہ جس کے باعث حکومتی اقدامات اور ان کے برسرزمین نتائج کے درمیان فاصلے بڑھتے چلے جارہے ہیں اس ضمن میں سب سے اہم بات اہداف کے تعین' ٹائم فریم اور نگرانی کے کڑے انتظام کی ہے نگرانی کے نظام میں ذمہ دار حکام کا خود آن سپاٹ جاکر حقائق کا مشاہدہ ضروری ہے صرف رپورٹس اور بریفنگ پر انحصار کافی نہیں بصورت دیگر حکومتی اقدامات عوام کیلئے بے ثمر ہی رہیں گے۔